**01/02/2025**

**07.40 PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر**

**ہیڈ لائنز**

***....... مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کیا مالی سال2025-26 کا سالانہ بجٹ پارلیمنٹ میں پیش۔**

***....... مرکزی بجٹ میں مختلف شعبوں کے بنیادی ڈھانچے کو ترقی دینے کےلئے کئی اقدامات کی تجویز۔**

***.......12لاکھ روپے تک کی آمدن پر کوئی ٹیکس نہیں//36 حیات بخش ادویات کسٹم ڈیوٹی سے مثتسنیٰ۔**

**اور**

***.......بجٹ پر سیاسی لیڈروں،عام لوگوں،تاجروں اور اقتصادی ماہرین کاملا جلا رد عمل۔**

**بجٹ**

**وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج لوک سبھا میں مالی سال 2025-26کا مرکزی بجٹ پیش کیا ۔ بجٹ خطا ب میں انہوں نے ملک میں پچھلے برس کے دوران مختلف شعبوں کی حصولیابیوں نیز آئندہ مالی سال کے دوران مختلف شعبوں کو ترقی کی بلندیوں تک پہنچانے اور بنیادی ڈھانچے کو تقویت بخشنے سے متعلق کئے جانے والے اقدامات کا تفصیلی خاکہ پیش کیا ۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی بجٹ میں دس اہم بڑے شعبوں کی ترقی کی طرف توجہ مرکوز کی گئی ہے ان میں ، دیہی علاقوں کو ترقی دینا اور اختراعیت جیسے شعبے MSMEزراعت، پیدا واریت ، روزگار ، سر فہرست ہیں۔**

مرکزی بجٹ مینتجویز رکھی گئی ہے کہ نئے ٹیکس نظام میں 12لاکھ روپے تک کی آمدنی پر کوئی ٹیکس ادا نہیں کرنا ہوگا اور ملازمین کیلئے یہ حد 12لاکھ75ہزار روپے مقرر کی گئی ہے ۔ متعارف کرنے کا بھی اعلان کیا،جس کی رو سے چار لاکھ Slabs انہوں نے نئی انکم ٹیکس روپے تک کی آمدنی پر کوئی ٹیکس ادا نہیں کرنا ہوگا ، چار سے 8لاکھ روپے تک کی آمدنی پر پر دس فیصد ٹیکس عائد ہوگا ۔ وزیر خزانہ نے Slabs پانچ فیصد جبکہ 8سے 12لاکھ روپے اعلان کیا کہ ریاستوں کے اشتراک سے ملک کے سو ضلعوں میں دھن داھنیا کرشی یوجناشروع کی جائے گی۔

انہوں نے کہا کہ آنگن واڑی مراکز کے ذریعے فراہم کی جارہی تغذیہ کی سہولیات کو مزید بڑھاؤا دیا جائے گا۔نرملا سیتا رمن نے کہا کہ رواں بجٹ میں اگلے پانچ برسوں کے دوران سرکاری اسکولوں میں پچاس ہزار اٹل ٹنکرنگ لیبارٹریاں قائم کی جائیں گی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ بجٹ کی دس ہزار نشستوں کی بھی تجویز رکھی گئی ہے۔نرملا سیتا رمن نے PGاورUGمیں میڈیکل کینسر مریضوں کو راحت دیتے ہوئے اعلان کیا کہ 36لائف سیونگ ادویات کوکسٹم ڈیوٹی سے مثتثنیٰ رکھا جائے گا ۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے بجٹ کو بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کی ضمن میں حکومت کے نظریے کا ایک خاکہ قرار دیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ بجٹ میں کسانوں، غریبوں، متوسط طبقے، اختراعیت، سرمایہ کا ری اور بھارت کو خود انحصار بنانے سمیت تمام پہلوؤں کی طرف توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

بی جے پی

بی جے پی کے کئی ممبران پارلیمنٹ اور اتحادی ممبران نے بجٹ کو غریب دوست قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے متوسط طبقے کو بھی فائدہ حاصل ہو گا۔

حزب اختلاف

حزب اختلاف کے کئی لیڈرو ننے بجٹ کے لئے حکومت کی نکتی چینی کر تے ہوئے کہا ہے کہ اس میں متوسط طبقے اور نوجوانوں کےلئے کچھ بھی نہیں ہے ۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے کانگریس کے ایم پی ششی تھرور نے الزام لگایا کہ بجٹ میں بے روزگاری کے مسئلے سے نمٹنے کےلئے کچھ بھی نہیں کہا گیا ہے۔ٹی ایم سی ایم پی ابھیشیک ایم پی دیاندھی مارن نے بھی بجٹ کےلئے حکومت کی نکتی چینی کی ہے۔ DMK بینر جی اور

## کاروائی

بجٹ پیش کئے جانے کے بعد ایوان کی کارروائی کو پورے دن کیلئے ملتوی کر دیا گیا ۔ اس سے پہلے جب آج صبح ایوان کی کارروائی شروع ہوئی اور وزیر خزانہ نے بجٹ پیش کرنا شروع کیا اورحزب اختلاف کے کچھ دیگر ارکان نے ایوان سے DMKتو کانگریس، سماج وادی پارٹی ، مختصر واک آؤٹ کیا ۔ وہ مہا کنبھ میں پیش آئے حادثے پر احتجاج کر رہے تھے ۔

لوک سبھا میں بجٹ پیش کئے جانے کے بعد جب راجیہ سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو بجٹ کی ایک کاپی راجیہ سبھا میں پیش کی گئی اور بعد میں ایوان بالا کی کارروائی بھی پورے دن کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

## LGبجٹ

ادھر لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے وِکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کےلئے ایک موثر بجٹ پیش کرنے کی خاطر وزیرخزانہ کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہ وزیر اعظم نریندر مو دی کی پالیسیوں کی بدولت ملک کا اقتصادی منظر نامہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا بجٹ لوگوں کے احساسات اور ضروریات کی عکاسی کر تا ہے اور اس میں زراعت، توانائی، اختراعیت اور روزگار سمیت تمام شعبوں کی ترقی کو دوام بخشنے کی طرف توجہ دی گئی ہے۔

## ست شرما

جموں و کشمیر بی جے پی کے صدر ست شرما نے بجٹ کی تعریف کر تے ہوئے کہا ہے کہ اس میں عام انسان کو با اختیار بنانے کےلئے مختلف اقدامات کی تجاویز رکھی گئی ہے اور بجٹ میں متوسط طبقے کی راحت رسانی کی کا فی گنجائش موجود ہے۔

## طارق قرہ

جمونو کشمیر پردیش کانگریس کمیٹی کے سربراہ طارق حمید قرہ نے بجٹ پر ردعمل ظاہر کر تے ہوئے کہا ہے کہ اس میں جمونو کشمیر کو نظر انداز کیا گیا ہے اور خاص طور سے یہاں کے نوجوانوں کےلئے کچھ خاص نہیں کہا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں بہار اور دلی کی طرف زیادہ توجہ دی گئی ہے۔

## تاریگامی

سی پی آئی ایم کے لیڈر محمد یوسف تاریگامی نے بجٹ کو عوام کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس میں اقتصادیات کے مختلف شعبوں کو درپیش مسائل کو حل کرنے کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی ہے۔

ٹھاکر

بی جے پی جموں وکشمیر کے ترجمان الطاف ٹھا کر نے بھی بجٹ کی تعریف کر تے ہوئے کہا ہے کہ اس بجٹ سے یہ بات واضح ہوجا تی ہے کہ مرکزی سرکار تمام ریاستوں بالخصوص جمونو کشمیر کی ترقی کےلئے کس قدرپُر عزم ہے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

DTH خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس

akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں۔

قلندر

ادھر جموں کشمیر میں مرکزی بجٹ کو لیکر مختلف عوامی حلقوں ، تاجروں اور اقتصادی ماہرین کے سابق (FCIK)نے ملے جلے رد عمل کا اظہار کیا ہے ۔ فیڈریشن چیمبر آف انڈسٹریز کشمیر صدر اور معروف صنعت کار سید شکیل قلندر نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

مسرور

وادی کے ایک معروف صحافی اور اقتصادی معاملات کے ماہر ریاض مسرور نے اپنا رد عمل یوں ظاہر کیا۔

شنگلو

کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر عاشق حسین شنگلو نے بجٹ کے ضمن مینشعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

ترمبو

ٹرول ایجنٹس ایسو سی ایشن آف کشمیر کے صدر روف ترمبو نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے مرکزی بجٹ2025 کے تعلق سے اپنے خیالات کا یوں اظہار کیا۔

عرفان

اقتصادی امور کے ماہر اور وادی کے ایک معروف صحافی حکیم عرفان نے بجٹ کے تعلق سے اپنا رد عمل ان الفاظ میں ظاہر کیا ۔

بانڈے

بجٹ میں زرعی اور باغبانی شعبے کی ترقی کیلئے کئی اقدامات کی تجویز رکھی گئی ہے ۔ کولگام فروٹ گرورس ایسو سی ایشن کے صدر غلام محمد بانڈے نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

کسان بجٹ

جموں و کشمیر کے کسان بجٹ سے کا فی حد تک مطمئن نظر آ رہے ہیں ۔ چند ایک کسانوں نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کر تے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

-------V/O------

نشہ

ملکی سطح پر سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے انفرادی و اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیراعظم نریندر مودی کا پیغام

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے ہرسطح پر ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔ اس حوالے سے جب ہم نے وادی کے ایک سینئر صحافی رشید راہل کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر ہلکی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 5اعشاریہ9ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت صفر اعشاریہ8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 22ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت13اعشاریہ1ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر27منٹ پراور

غروب آفتاب شام6بجکر2منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ